سوال

(65) اسلام قبول کرتے وقت غسل واجب ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اسلام لانے سے جو غسل ہوتا ہے وہ فرض ہے ۔ میرے علم کے مطابق تو فرض ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درست اسلام لاتے وقت غسل فرض ہے ۔

« عَنْ قَيْسِ بْنِ عَاصِمٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ أُرِيدُ الْإِسْلَامَ فَأَمَرَنِي أَنْ أَغْتَسِلَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ» (ابوداود الطهارة باب فی الرجل یسلم فیومر بالغسل)

''قیس بن عاصم سے روایت ہے کہ جب وہ مسلمان ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ وہ پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ غسل کریں''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

غسل کا بیان ج1ص94

محدث فتویٰ